سوال

(367)قربانی کا جانور زندہ وزن کر کے فروخت کرنا شرعاً جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قربانی کا جانور زندہ وزن کر کے فروخت کرنا شرعاً جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عبادات اور معاملات میں فرق یہ ہے کہ عبادت میں جواز کے لئے حکم دیکھا جاتا ہے، یعنی شریعت نے اس عبادت کو بجالانے کا حکم دیا ہو۔ جس عبادت سے منع کیا ہے یا جس کے بجالانے کا حکم نہیں دیا اسے نہیں کرنا چاہیے جبکہ معاملات میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ شارع علیہ السلام نے اس سے منع نہ کیا ہو، یعنی ہر وہ معاملہ جائز ہے جس سے شریعت نے منع نہیں کیا۔ صورت مسئولہ کے متعلق شریعت نے منع نہیں کیا اور نہ ہی اس میں کوئی ایسا سبب پایا جاتا ہے جس کی بنا پر اسے منع قرار دیا جائے، لہٰذا قربانی کا جانور وزن کر کے لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2 صفحہ:380